قطار ڈھلان پیچ دار چوٹی صحت افزا



# حضرت محمد ﷺ

پیارے بچّو!

حضرت محمد ﷺ کی پیدائش ۵۷۰ عیسوی میں عرب کے شہر مکہ میں ہوئی۔ آپ کے والد ماجد کا نام جناب عبداللہ تھا۔ اُن کا انتقال آپ ﷺ کی ولادت سے کچھ مہینے پہلے ہی ہو گیا تھا۔ آپ ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام بی بی آمنہ تھا۔ ولادت کے چند مہینے بعد آپ ﷺ کو حلیمہ سعدیہ نے دودھ پلایا۔ انہوں آپ ﷺ کی کفالت کی اور اس طرح وہ آپ کی رضاعی ماں بنیں۔

آپ ﷺ چھ سال کے ہوئے تو والدہ انتقال کر گئیں۔ پھر آپ ﷺ کی پرورش آپ ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے کی۔ آٹھ سال کے ہوئے تو عبدالمطلب بھی وفات پا گئے۔ اب آپ ﷺ کی پرورش آپ ﷺ کے چچا ابو طالب نے کی۔ ابو طالب نے آپ ﷺ کی دیکھ ریکھ نہایت پیار اور محبت کے ساتھ کی۔

    

حضرت محمد ﷺ بچپن سے ہی سچے اور نیک تھے۔ لوگ آپ ﷺ کی دیانتداری، سچائی اور امانت داری کو دیکھ کر آپ ﷺ کو صادق اور امین کہہ کر پکارتے تھے۔ آپ ﷺ نے سادہ زندگی بسر کی۔ چالیس سال کی عمر میں آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہونے کا اعلان کیا۔

آپ ﷺ نے عالم انسانیت کو بھائی چارہ، نیکی اور عالمی امن کے پیغام سے نوازا۔ آپ ﷺ نے انسان کو صحیح اور سیدھا راستہ دکھایا۔ آپ ﷺ نے ہمیں ایک ہی خدا کی عبادت کرنے کا حکم بھی دیا۔ ہمیں اچھی اچھی باتیں سکھائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے سامنے سبھی لوگ برابر ہیں۔ اچھا انسان وہی ہے جس کے اخلاق اور اعمال اچھے ہوں۔ آپ ﷺ نے ہمیں صاف ستھرا رہنے کی تاکید کی ہے۔ ضعیفوں، کمزوروں اور بے سہاروں کی مدد کرنا، یتیموں کی دل جوئی کرنا، بڑوں کی عزت کرنا اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت کے ساتھ پیش آنا آپ ﷺ کی خاص تعلیمات ہیں۔ آپؐ تمام کائنات کے لیے اللہ کی رحمت ہیں۔







## ۱. آؤ معنی یاد کریں

پیدائش : جنم، ولادت

اِنتقال : فوت ہونا، وفات پانا، مرجانا

کَفالت : ذمہ داری

رضاعی : دودھ پلانے والی

دیکھ بھال : نِگرانی کرنا

حاجت مند : ضرورت مند

تربیت : دیکھ بھال

تاکید : اصرار کرنا، تقاضا کرنا

احترام : عزت

## ۲. مختصر جواب لکھیے :

☆ حضرت محمد ﷺ کون تھے؟

☆ حضرت محمد ﷺ کی پیدائش کب ہوئی؟

☆ آپؐ کے والدین کا نام کیا تھا؟

☆ آپ ﷺ کی کفالت سب سے پہلے کس نے کی؟

☆ آپ ﷺ کے دادا اور چچا کا نام کیا تھا؟

☆ آپ ﷺ نے لوگوں کی کیا خدمت کی؟

    

## ۳. جُملے بنائیے:

| | | |
|---|---|---|
| صادق کے | | پیغام لانے والا |
| پیغمبر کے | | ایمان دار |
| کفالت کے | معنی ہیں | ذمہ داری |
| امین کے | | ''سچا'' |

## ۴. ''ا'' کے ہر جُملے کا دوسرا حصّہ ''ب'' میں تلاش کر کے جُملے مکمل کیجیے:

| الف | ب |
|---|---|
| حلیمہ سعدیہ نے آپ ﷺ کو | دادا تھے |
| عبدالمطلب آپ ﷺ کے | والدہ تھیں |
| بی بی آمنہ آپ ﷺ کی | چچا تھے |
| ابو طالب آپ ﷺ کے | دودھ پلایا |

## ۵. سامنے دیے ہوئے لفظوں میں سے مناسب لفظ خالی جگہوں میں بھریے:

☆ حضرت محمد ﷺ کی پیدائش عرب کے شہر ............ میں ہوئی (مکہ، مدینہ)

☆ حلیمہ سعدیہ حضرت محمد ﷺ کی ................ ماں تھیں (رضاعی، منہ بولی)

☆ آپ ﷺ اپنا کام ................ کیا کرتے تھے (خود، نہیں)

☆ آپ ﷺ بچوں کی ................ کا خاص خیال رکھتے تھے (تربیت، غذا)







☆ آپ ﷺ نے انسان کو ................. راستہ دکھایا۔ ( پکہ، سیدھا )

☆ آپ ﷺ نے ہمیں خُدا کی ........... کرنے کا حکم دیا ( عبادت، ریاضت )

☆ آپ ﷺ ........... سال کی عمر میں نبی بنے ( چالیس، پچاس )

☆ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے سامنے سبھی لوگ ........... ہیں ( برابر، بہتر )

☆ آپ ﷺ ................. سے ہی سچے اور نیک تھے ( بچپن، جوانی )

## ٦. لکھیے اور سیکھیے :

استاد بچوں کو حضرت محمد ﷺ کی زندگی کے بارے میں ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھوائے

**٧. مکہ، مدینہ، شہر، عبدالمطلب، ریگستان جیسے الفاظ اسم کہلاتے ہیں سبق پر غور کر کے پہلے اور آخری اقتباس میں اسم تلاش کیجیے**

**٨. استاد بچوں کے ساتھ کلمہ اور مہمل کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے زبان میں قواعد کی اہمیت بھی اُن کو سمجھائے**